© rasailojaraid.com



بھارتی اس تجویز پر سنجیدگی سے غور کرکے عملی جامہ پہنانے کی کوشش کرے گی۔

---

جس کسی نے بھی یہ بات کہی ہے صحیح اور سچ کہی ہے کہ بعض دفعہ کوئی شکل بھی خیر بن کر آتی ہے۔ جب کانگریس نے دیوگوڑا حکومت سے اپنی حمایت واپس لینے کا خیال و اعلان ظاہر کیا تو پریشانیوں اور مشکلات کے بادل ہندوستانی سیاست پر چھاگئے۔ اور سیکولر خیال کے لوگ وان کی جماعتیں تو عجیب سے کشمکش میں ہوگئیں کہ کیا کریں اور کیا نہ کریں۔ کیونکہ پارلیمنٹ میں کانگریس کی حمایت کے بغیر سیکولر پارٹیاں اپنی حکومت کسی بھی طرح نہیں بناسکتی ہیں اور دوسری صورت ہیں یا تو معلوم و معروف فرقہ پرست جماعت کی حکومت بن سکتی تھی یا پھر ملک میں دوبارہ انتخابات ہوتے جس سے ملک کی معیشت بری طرح متاثر ہوتی، ہندوستانی عوام مہنگائی کے مار کے بوجھ تلے دب کر ہی رہ جاتے۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ بہت جلد یہ مشکل ٹل گئی اور کانگریس کو ہوش آیا سمجھ آئی اور اس نے اپنی حمایت صرف ایک آدمی جناب دیوگوڑا سے واپس لی تھی جماعتوں سے نہیں۔ جس کی وجہ سے بڑی تلاش و جستجو کے بعد جناب آئی کے گجرال وزیر اعظم کی حیثیت سے ملک کو نصیب ہوگئے کانگریس نے متحدہ محاذ کو اپنی حمایت دیدی اور جناب آئی کے گجرال ہندوستان کے وزیر اعظم منتخب ہوگئے یہ بڑی خوشی کی بات ہے۔ دیوگوڑا جی یقیناً اچھے ایماندار شخص ہیں ان کی دس ماہ کی حکومت نے ان کی یہ خوبی ملک والوں پر ظاہر کردی تھی انھوں نے ملک کی قیادت بھی بڑی قابلیت سے کی مگر ان کے سیکولر کردار سے ملک والے زیادہ واقفیت نہیں رکھتے تھے بیشک وہ سیکولر کردار کے مالک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تھے لیکن اس بارے میں ملک کے بیشتر عوام کچھ جانتے ہی نہ ہوں تو پھر اس کا تذکرہ ہی بیکار ہے جناب آئی کے گجرال کے سیکولر کردار سے نہ صرف اندرون ملک سبھی عوام کو جانکاری ہے بلکہ بیرونِ ملک میں بھی ان کے اسی سیکولر کردار کی خوب دھوم مچی ہوئی ہے اور یہ ہندوستان کی بہت بڑی خوش نصیبی ہے کہ ہندوستان کا وزیر اعظم جواہر لال نہرو کے بعد ایک ایسا شخص ہوا ہے جو علم و قابلیت میں تو ہے ہی بے نظیر صاف ستھرے عمل و کردار سیکولر قدروں پر پورا کھرا اترا ہوا ہے۔ ملک کی تمام اقلیتیں ان کے وزیر اعظم کا حلف لیتے ہی خوشی و مسرت سے جھوم گئیں، اردو والے تو انھیں بڑے عرصے سے جانتے ہیں بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ عرصہ دراز سے ان کے نام کی قصیدہ خوانی کرتے ہی آ رہے ہیں کیونکہ انہوں نے ہندوستان میں اُردو زبان کی زبوں حالی کی طرف ارباب اقتدار کو توجہ دلائی اور ان کے سامنے اردو زبان کی فلاح و بہبودگی کے لئے ٹھوس و مفید اور جامع تجاویز و پروگرام ایک رپورٹ کی شکل میں المعروف گجرال رپورٹ، پیش کر کے اپنی نیکی و انسانیت، شرافت اور تعصب سے پاک شخصیت کا تعارف کرایا ہوا ہے۔ خدا سے دعا ہے کہ وہ ملک و قوم کی خدمت کے لئے سالہا سال تک وزیر اعظم بنے رہیں ان کو صحت و سلامتی نصیب ہو۔

© rasailojaraid.com